# آر کروما پاکستان لمیٹڈ

ARCHROMA
LIFE ENHANCED

## عبوری کیش ڈیویڈنڈ

ہمیں یہ بتاتے ہوئے انتہائی خوشی ہو رہی ہے کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے مدت کے لیے 200 فیصد عبوری کیش منافع منقسمہ یعنی 20 روپے فی حصص؛ جیسا کہ 29 جولائی 2025ء کو منعقدہ کمپنی کی بورڈ میٹنگ میں ڈائیریکٹرز کی جانب سے تجویز کیا گیا تھا، ان شیئر ہولڈرز کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہ راست جمع کرا دیا گیا ہے جنہوں نے اپنی درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی اور بینک کی مکمل تفصیلات بشمول بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) جمع کرادی ہے۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے تقاضوں کی تعمیل میں، کمپنی نے ان شیئر ہولڈرز کا ڈیویڈنڈ روک دیا ہے جنہوں نے اپنی درست CNIC کی کاپی اور مکمل بینک تفصیلات بشمول IBAN فراہم نہیں کی ہیں۔

اس کے مطابق شیئر ہولڈرز سے استدعا ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی۔ ٹیلی فون نمبر 5-34380101 (9221+)، فیکس نمبر 34380106 (9221+) سے رجوع کریں (بصورت فزیکل شکل میں موجود حصص) یا اپنے متعلقہ شرکاء / سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز ڈیپارٹمنٹ (بصورت سی ڈی سی میں موجود حصص) سے بشمول اپنی درست CNIC کی کاپی اور کمپنی کی ویب سائٹ http://www.archroma.com.pk پر دستیاب ای۔ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کو باقاعدہ طریقے سے پُر کر کے رابطہ کریں تا کہ وہ اپنا ڈیویڈنڈ حاصل کر سکیں۔

کوئی بھی حصص یافتگان اب سی ڈی سی کے سنٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) تک اپنے ویب پورٹل http://csp.cdsaccess.com.pk کے ذریعے اپنا اندراج اور اس تک رسائی حاصل کرسکتا ہے تا کہ لسٹڈ کمپنی سے متعلق اپنی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کی صورتحال معلوم کر سکے اور متعلقہ کا ٹیکس ودہولڈنگ / زکوٰۃ سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق کمیشن کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ سے چار سال سے زیادہ کی مدت کے اندر ایکٹ کا آغاز یعنی 30 مئی 2017 تک ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنا لازمی ہے۔ مزید براں، ایس ای سی پی نے اپنے 26 مارچ 2021 کے لیٹر کے ذریعے ایکٹ کے سیکشن 72 کی تعمیل اور شیئر ہولڈرز کو اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ترغیب دینے کا مشورہ دیا ہے۔

مندرجہ بالا کے پیش نظر، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولیں یا براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹرز اکاؤنٹ کھولیں تا کہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھیں، اس سے انہیں کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، بشمول محفوظ تحویل اور جب بھی وہ چاہیں حصص کی فروخت، چونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ قوانین کے تحت فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

بحکم بورڈ

ایم عرفان لاکھانی
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 13 اگست، 2025ء

نوٹ: فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ شیئر رجسٹرار کو صحیح طریقے سے پُر کرنے کے بعد مطلوبہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کرائیں۔

سنٹرل ڈپازٹری کمپنی میں حصص رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شرکاء / انویسٹرز اکاؤنٹ سروس میں صحیح طریقے سے بھرنے کے بعد مطلوبہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کرائیں۔